زندگی گزارنے کے آداب
ائمہ علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

We Provide The Standard

5

خصال

شیخ الصدوق رحہ

AL-KISA®
PUBLISHERS
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
[illegible]

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	خصال
مؤلف	شیخ الصدوق علیہ الرحمہ
تحقیق وتشریح	محمد باقر کمرہ ای
مترجم	عمران رجانی
مترجم تشریحات	ملیکہ خاتون کاظمی
تزئین وتصحیح	سید فیضیاب علی رضوی
کمپوزنگ	الکساء پبلیشرز (آرٹ ڈیپارٹمنٹ)
اشاعت اول	اکتوبر ۲۰۰۳، رمضان ۱۴۲۳
اشاعت دوئم	جولائی ۲۰۰۸، رجب ۱۴۲۹

AL-KISA®
PUBLISHERS

R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
Ph# 021-8205932 E-mail# Alkisapublishers@hotmail.com

We Provide The Standard

میں جہاد کے وقت نہ سونے والی ہو۔

(۴۳) **تمام خوبیاں تین عادتوں میں ھیں:** جناب امیرالمومنین (حضرت علیؑ) نے فرمایا کہ تین خوبیاں تین عادتوں میں ہیں۔ایک نگاہ، دوسری خاموشی تیسری کلام۔وہ نگاہ جس میں عبرت نہیں وہ بھول ہے۔وہ سکوت جس میں اندیشہ نہ ہو وہ غفلت ہے۔ہر وہ کلام جس میں یاد آوری نہ ہو بے ہودہ ہے۔خوشخبری ہے اس کے لئے جس کی نگاہ میں عبرت ہے، جس کی خاموشی میں غور وفکر ہے، جس کے کلام میں ذکر ہے، اپنی غلطی پر روتا ہے، لوگ اس کے شر سے محفوظ ہیں۔

(۴۴) **ایک سواری پر تین اشخاص کا سوار ہونا منع ھے:** رسول اللہؐ نے ایک طویل حدیث میں فرمایا کہ تین آدمی ایک جانور پر سوار نہ ہوں۔ان میں ایک ملعون ہے جو آگے سوار ہے۔

(۴۵) **مسافر کا حق یہ ھے کہ جب وہ بیمار ہوجائے تو اس کے ساتھی اس کے پاس تین دن تک ٹھریں:** مسافر کا حق یہ ہے کہ اگر وہ بیمار ہو تو اس کے ساتھی تین دن اس کے ساتھ ٹھہریں۔

(۴۶) **سیاہ جوتے میں تین باتیں بری ھیں اور زرد رنگ کے جوتے میں تین باتیں اچھی ھیں:** حنان بن سدیر نے کہا کہ میں ایک مرتبہ سیاہ جوتے پہنے ہوئے جناب ابوعبداللہ (امام جعفر صادقؑ) کے پاس گیا۔(آپ نے) فرمایا کالا جوتا کیوں پہنے ہوئے ہو؟ اس کی تین خرابیاں ہیں۔(میں نے) عرض کیا: میں قربان جاؤں وہ کون سی ہیں؟ (آپ نے) فرمایا کہ آنکھوں کو کمزور کرتا ہے، دوسرے مردانگی کی طاقت کو کم کرتا ہے، غم کو زیادہ کرتا ہے یہ ظالموں کا پہناوا ہے زرد رنگ کا جوتا پہنا کرو اس میں تین خوبیاں ہیں (میں نے) عرض کیا: وہ کونسی؟ (آپ نے) فرمایا: آنکھوں کو طاقت دیتا ہے۔مردانگی کو بڑھاتا ہے۔فکر و پریشانی کو دور کرتا ہے۔یہ انبیاء کا پہناوا ہے۔

(۴۷) **کوے سے تین باتیں سیکھو:** رسول اللہؐ نے فرمایا کہ کوے سے تین باتیں سیکھو۔ایک اپنی مادہ کے ساتھ پوشیدہ طور پر جماع کرنا۔دوسرے صبح سویرے روزی کی تلاش میں نکلنا۔تیسرے بہت زیادہ چوکس رہنا۔

(۴۸) **تین چیزیں تین چیزوں کے ساتھ ھیں:** ابان بن تغلب نے کہا کہ ابوعبداللہ (امام جعفر صادقؑ) نے فرمایا کہ سلامتی ثابت قدمی میں ہے، جلدی میں ندامت ہے، بے وقت کام کرنے کا نتیجہ بے موقع ہوتا ہے۔

(۴۹) **تین چیزیں منحوس ھیں:** خالد بن نجیح سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ امام جعفر صادقؑ کے سامنے منحوس چیزوں کا تذکرہ ہوا۔(آپؑ نے) فرمایا کہ جس عورت کا حق مہر زیادہ ہو اور وہ اپنے شوہر کی نافرمان ہو منحوس ہوتی ہے۔دوسرے جو جانور عادت کا خراب ہو اور اپنے اوپر کسی کو سوار نہ ہونے دے منحوس ہوتا ہے۔تیسرے وہ گھر جس کا صحن تنگ ہو اور اس کے پڑوسی خراب ہوں منحوس ہوتا ہے۔

(۵۰) **یاد کی ہوئی باتیں اگر بھول جائیں ان کی تین قسمیں ھیں:** جناب ابوجعفر (امام جعفر صادقؑ) نے اس آیت **فلما نسوا ما ذکروا بہ** (سورہ انعام آیت ۴۴ اور سورۃ اعراف آیت نمبر ۱۶۵) کے بارے میں فرمایا کہ یہ لوگ تین قسم کے ہیں۔ایک وہ جنہوں نے یاد کیا اور دوسروں کو اس کا حکم دیا وہ نجات پا گئے۔دوسرے وہ لوگ جنہوں نے یاد تو کیا لیکن دوسروں کو حکم نہ دیا وہ لوگ بطخ بن گئے۔تیسرے وہ لوگ جنہوں نے یاد کیا نہ حکم دیا وہ لوگ ہلاک ہو گئے۔

(۵۱) **تین اشخاص اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہوں گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کے حساب کتاب سے فارغ**